تبصرہ و تعارفِ کتب

سمیع الحق
اختر راہی

نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم | از حضرت مولانا سید ابو الحسن علی ندوی ۔ جلد اوّل صفحات ۴۲۴ قیمت ۲۴ روپے جلد دوم صفحات ۲۶۲ قیمت ۲۱ روپے ۔ کتابت و طباعت بہترین مجلد مع حسین گرد پوش ۔ ناشر مجلس نشریاتِ اسلام اسکے ۔۳ ۔ ناظم آباد کراچی ۱۸

مولانا سید ابو الحسن علی ندوی عالمِ اسلام کا متاعِ گرانمایہ ہیں حق تعالیٰ نے انہیں تحریر و تقریر کے ذریعہ ملتِ مسلمہ کی بے مثال خدمات کی توفیق دی ہے ۔ تاریخ ان کا خاص موضوع ہے ۔ اور پھر اس کے ساتھ ساتھ آپ مقامِ دعوت وارشاد پر بھی فائز ۔ تاریخ اور دعوت و عزیمت کے موضوع کے اس یگانۂ روزگار داعی، محقق، مصنف اور ادیب و مبلغ نے جب سیرتِ طیبہ جیسے ہمہ گیر اور آفاقی موضوع پر قلم اٹھایا تو اس کی افادیت اور خوبیوں کے کیا کہنے ، اصل کتاب عربی میں تھی ۔ مولانا کے چہیتے عزیز اور شاگرد عربی و اردو اسلوب میں مولانا مدظلہ کے ظل و بروز مولانا سید محمد الحسنی ایڈیٹر البعث الاسلامی نے اس کا ترجمہ کیا جو اب دو جلدوں کی شکل میں ہمارے سامنے موجود ہے ، کتاب میں مولانا نے وسیع قدیم و جدید معلومات سے بھرپور فائدہ اٹھایا ہے ۔ زمانۂ بعثت میں معاصر دنیا بالخصوص جزیرۃ العرب مدینہ اور مکہ کی تصویر اور تمدنی و سیاسی و تاریخی پس منظر واقعات و حالات اور تعلیمات و نتائج و اثرات کی محققانہ مگر پُر تاثیر روداد نبوت کی صداقتوں کو فلسفہ آرائی اور رنگ آمیزی کی بجائے حقیقی اور واقعی شکل میں اجاگر کیا گیا ہے ، نئی نسل کے اذہان اور نفسیات اور عصری و ملی اسلوب کو بھی پورا پورا ملحوظ رکھا گیا ہے ، واقعی ایک ایسی کتاب جس میں سیرت خود اپنی ترجمانی کرتی ہے ۔ حق تعالیٰ مولانا موصوف کو ان خدماتِ جلیلہ کیلئے تادیر سلامت رکھے ۔ پاکستان میں مولانا کی تصانیف کی نشر و اشاعت کیلئے مجلس نشریات اسلام اور اس کے نگران مولانا قاری فضل ربی ندوی کے محققانہ مساعی نہایت تحسین کے مستحق ہیں ۔ ورنہ انڈیا سے ایسی تصانیف کی دستیابی جوئے شیر لانے سے کم نہ تھی ۔ حق تعالیٰ اس عظیم کام کے ناشر کو اجر عطا فرما دے ۔

(سمیع الحق)

حضرت عثمان شہیدؓ | تالیف : محمد بن یحییٰ بن ابی بکر مالکی اندلسیؒ ۔ ترجمہ : کوکب شادانی ایم ۔ اے ناشر : نفیس اکیڈمی اسٹریچن روڈ کراچی ۔ صفحات : ۲۳۰ قیمت : درج نہیں ۔

محمد بن یحییٰ بن ابی بکر مالکی اندلسیؒ آٹھویں صدی ہجری کے بلند پایہ عالم تھے ۔ انہوں نے "التمہید والبیان فی مقتل